मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY

A Central University established by an Act of Parliament in 1998 , Accredited with 'A+' Grade by NAAC

Gachibowli, Hyderabad-500032 (India) , Phone : +91-040-23006612-15

# مانو ماڈل سینئر سکنڈری اسکول

# MANUU Model Senior Secondary School

## Affiliated to CBSE - Urdu Medium

سی۔بی۔ایس۔ای سے ملحقہ (اردو میڈیم)

# پراسپکٹس مع رجسٹریشن فارم

# PROSPECTUS CUM REGISTRATION FORM

تعلیمی سال 2026-2027





| | | |
|---|---|---|
| وزیٹر | : | عزت مآب دروپدی مرمو، صدر جمہوریہ ہند |
| چانسلر | : | شری ممتاز علی |
| وائس چانسلر | : | پروفیسر سید عین الحسن |
| رجسٹرار | : | پروفیسر ایس۔کے۔اشتیاق احمد |
| ڈین | : | پروفیسر ونجا ایم |
| ویب سائٹ | : | www.manuu.edu.in |
| پتہ | : | فاطمہ نگر، فلک نماء، حیدرآباد۔500053، فون نمبر: 040-24473770 |

# فہرست Index


| سلسلہ نمبر | تفصیلات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | یونیورسٹی کے بارے میں | 1 |
| 2 | مانو ماڈل اسکول | 1 |
| 3 | مقاصد | 2 |
| 4 | ماڈل اسکول کے اہم خدوخال | 2 |
| 5 | سرپرستوں سے التماس | 3 |
| 6 | نظم وضبط | 4 |
| 7 | ضابطہ کی خلاف ورزی کے افعال | 4 |
| 8 | حاضری | 4 |
| 9 | داخلہ کے لئے درکار اہلیت | 5 |
| 10 | داخلہ کا طریقۂ کار | 6 |
| 11 | داخلہ کے لئے جانچ | 6 |
| 12 | گیارہویں جماعت میں داخلہ / تلگو زبان کی تعلیم | 7 |
| 13 | تحفظات / ریزرویشن | 7 |
| 14 | مخصوص رعایتیں | 8 |
| 15 | ماڈل اسکول میں داخلہ کی تاریخ | 9 |
| 16 | داخلہ کے متعلق عام ہدایات | 10 |
| 17 | داخلے کی آخری تاریخ | 10 |
| 18 | مانو ملازمین کے بچوں کا داخلہ | 11 |
| 19 | داخلے کے لئے دستیاب جماعتیں | 11 |
| 20 | مساوی/مماثل امتحانات | 11 |
| 21 | تعلیمی سال | 11 |
| 22 | اوقاتِ اسکول | 11 |
| 23 | تعطیلات | 12 |
| 24 | ماڈل اسکولس کے پتہ اور رابطہ کی تفصیل | 13 |
| 25 | داخلہ فارم | |

## 1. یونیورسٹی کے بارے میں

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی 1998ء میں پارلیمنٹ کے ایک ایکٹ کے تحت مرکزی یونیورسٹی کی حیثیت سے قائم کی گئی، جس کا دائرہ کار ملک گیر ہے۔ ایکٹ کے مطابق اردو زبان کی ترویج و ترقی، اردو ذریعہ تعلیم سے اعلیٰ تکنیکی و پیشہ وارانہ تعلیم کی فراہمی اور تعلیم نسواں پر خصوصی توجہ اس یونیورسٹی کے مقاصد میں شامل ہیں۔ ایکٹ میں یونیورسٹی کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ فاصلاتی اور کیمپس (روایتی) دونوں طریقوں سے تعلیم فراہم کرے۔

یونیورسٹی کی فاصلاتی تعلیم کی کوششوں کو اردو بولنے والوں کی بھرپور پذیرائی حاصل ہوئی ہے۔ ملک کے مختلف حصوں میں فاصلاتی تعلیم حاصل کرنے والے طلبا کو تعلیمی وانتظامی مدد فراہم کرنے کے لئے 9 علاقائی مراکز اور 5 ذیلی مراکز قائم کئے گئے ہیں۔ یونیورسٹی نے 7 اسکولس آف اسٹڈیز اور 19 شعبہ جات، 8 کالج آف ٹیچر ایجوکیشن، 4 پالی ٹکنیک، 3 آئی ٹی آئیز اور 3 ماڈل اسکولس کے قیام کے ذریعہ روایتی تعلیم کے محاذ پر بھی پیش رفت کی ہے۔ فی الوقت یونیورسٹی کے مختلف مضامین میں پی ایچ۔ڈی، پوسٹ گریجویٹ پروگرام دستیاب ہیں۔ ان کے علاوہ کیمپس میں ڈپلوما، پی جی ڈپلوما، ایم۔بی۔اے، ایم۔اے ماس کمیونکیشن اینڈ جرنلزم، انسٹرکشنل میڈیا سنٹر، مرکز برائے پیشہ وارانہ فروغ اساتذہ اردو ذریعہ تعلیم، مرکز مطالعاتِ اردو ثقافت، ایچ۔آر۔ڈی ، یو۔جی۔سی ، نیٹ کوچنگ سینٹر کا قیام شامل ہے۔ حال ہی میں فیشن ڈیزائننگ کے ڈپلومہ اور سرٹیفکیٹ کورس بھی متعارف کروائے گئے۔

جامعہ کے معیار تعلیم کی جانچ کرنے والے خود مختار قومی ادارے نیشنل ایکریڈیشن اینڈ اسسمنٹ کونسل (NAAC) نے یونیورسٹی کو ''A+'' گریڈ عطا کیا ہے۔

## 2. مانو ماڈل اسکول

مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی کا پہلا ماڈل اسکول، شہر حیدرآباد کے خوبصورت محل فلک نما سے متصل پسماندہ علاقہ فاطمہ نگر کی پہاڑیوں کی آغوش میں، دوسرا بہار کے تاریخی شہر دربھنگہ اور تیسرا ہریانہ کے ضلع نوح کی اراولی پہاڑی سلسلہ کے دامن میں واقع ہے۔ یہ تینوں اسکول مرکزی حکومت کے ذریعہ بالترتیب 2007، 2009 میں مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی کے تحت اُس وقت کے وائس چانسلر پروفیسر اے۔ ایم پٹھان صاحب کی قیادت میں قائم ہوئے۔ ماڈل اسکول حیدرآباد کی فلک بوس عمارت 2009 میں بن کر تیار ہوئی جس کا افتتاح متحدہ آندھراپردیش کے آن جہانی وزیر اعلی ڈاکٹر وائی۔ ایس۔ راج شیکھر ریڈی کے ہاتھوں ہوا جس کی میزبانی جناب اسدالدین اویسی رُکن پارلیمنٹ اور پروفیسر اے۔ ایم پٹھان صاحب نے کی۔ مانو ماڈل اسکول دربھنگہ پرشکوہ عمارت میں رواں دواں ہے۔ جب کہ ماڈل اسکول نوح اپنی نئی اور نہایت خوبصورت عمارت میں 2022 سے فعال ہے۔

یہ اسکولس CBSE دہلی سے الحاق شدہ سرکاری زمرہ میں شامل ہیں جس کا ذریعہ تعلیم اُردو ہے۔ CBSE کے ضابطہ کے مطابق مختلف مضامین کی تدریس کے لیے NCERT کی نصابی کُتب یونیورسٹی کی جانب سے طلباء کو مفت فراہم کی جاتی ہیں۔ یہاں جماعت اول تا بارہویں مشترکہ جنس کے لئے مفت تعلیم کا نظم ہے۔ نظام اسکول کیندریہ ودیالیہ کی طرز پر اپنی کارکردگی انجام دیتا ہے۔ ماڈل اسکول حیدرآباد، نوح اور دربھنگہ میں گیارہویں اور بارہویں جماعت کے لئے سائنس اور آرٹس اسٹریم میں تعلیم کا اہتمام ہے۔ ایسے طلباء جو

معاشی طور پر پسماندہ ہیں اور اعلیٰ تعلیمی سفر جاری رکھنا چاہتے ہیں ان کے لئے مانو ماڈل اسکول حیدرآباد میں تعلیمی سال 25-2024 سے چار سالہ بی۔اے انڈر گریجویٹ ایوننگ پروگرام (ایوننگ کالج) کا آغاز باضابطہ طور پر بدست عزت مآب وائس چانسلر کے ہاتھوں ہو چکا ہے۔

سبھی اسکولوں میں کمپیوٹر لیب، 5000 سے زائد کتب سے مزین لائبریری معہ مطالعہ گاہ کے علاوہ کیمیاء، بائیوٹیکنالوجی، حیاتیات، طبعیات، سماجی علوم، ریاضی، زبان دانی کی تجربہ گاہیں، کرافٹ روم، یوگا روم، انڈور گیمس روم اور کھیل کود کے لئے والی بال، باسکٹ بال، کھیل کا میدان، دوپہر کا کھانا جیسی سہولیات فراہم ہیں۔ تحتانوی طلباء کے لئے سرگرمی روم (Activity Room) اور جھولوں کے نظم سے ہم نصابی سرگرمیوں کے ذریعہ خوشگوار فضاء قائم کر کے اخلاقیات کا درس بھی دیا جاتا ہے۔

100 سے زائد اساتذہ اور تقریباً 30 غیر غیر تدریسی عملہ ہمہ وقت طلباء اور اسکول کی فلاح و بہبود کے لئے کوشاں رہتا ہے۔ فی الوقت تمام اسکولوں میں طلباء کی کُل تعداد 2300 کے قریب ہے۔

## 3. مقاصد

1. طلبا کی ہمہ جہت شخصیت سازی پر خصوصی توجہ۔
2. جدید طریقہ تدریس اور ٹکنالوجی کے ذریعہ تعلیم کے اعلیٰ معیار کا حصول۔
3. طلبا کی سماجی، اخلاقی اور تہذیبی اقدار کی تربیت۔
4. طلبا کی ذہنی و تخلیقی صلاحیتوں کے لئے سازگار ماحول کی فراہمی۔
5. طلبا کو مثالی کردار کا حامل بنانے کی سعی تاکہ وہ مستقبل میں ملک اور قوم کا اثاثہ ثابت ہوں۔
6. اسکولی تعلیم میں عمدگی (Excellence) کو مساوات اور سماجی انصاف کے ساتھ یقینی بنانا۔
7. قصباتی معاشرے سے وابستہ باصلاحیت بچوں میں قومی یکجہتی کو فروغ دینا تاکہ وہ مل جل کر رہنا سیکھیں اور اپنے امکانات، اپنی قوت وصلاحیت کو بہتر طور پر فروغ دے سکیں۔
8. اردو میڈیم کے ذریعہ بچوں کو ایک عمدہ معیاری تعلیم، جو اقدار پر مبنی ثقافت، ماحولیات کے تئیں بیداری، مہماتی سرگرمیوں اور جسمانی تعلیم جیسے عناصر پر مبنی ہو، فراہم کی جائے۔
9. سہ لسانی فارمولہ (Three Language Formula) کے مطابق ماڈل اسکول کے تمام طلبہ میں تینوں زبانوں میں استعداد کو یقینی بنانا۔
10. بچوں میں تعلیم کے نصابی و ہم نصابی علاقوں (Areas) میں استعداد پیدا کرنے کی کوشش کرنا۔

## 4. ماڈل اسکول کے اہم خدوخال

1. خوشگوار تعلیمی ماحول۔
2. باصلاحیت تجربہ کار اور تربیت یافتہ اساتذہ۔
3. مفت تعلیم۔

4. لائبریری کی سہولت اور نصابی کتابوں کی مفت فراہمی
5. منصوبہ بند تعلیمی پروگرام۔
6. طلبہ میں اکتسابی مہارتوں کا فروغ اور ریاستی وقومی سطح کے سائنسی مقابلوں میں طلباء کی شرکت۔
7. سائنس، ریاضی اور سماجی علوم کے تصورات پر مبنی تعلیم۔
8. طلبا کی ہمہ جہت ترقی کے لئے رہبری ورہنمائی۔
9. انٹرنیٹ سے مربوط کمپیوٹر لیبارٹری کی فراہمی، کشادہ، روشن، ہوادار کمرۂ جماعت اور کھیل کا میدان۔
10. تعلیمی موضوعات پر مبنی پاور پائنٹ پریزنٹیشن کا نظم۔
11. طلبا کے حفظانِ صحت پر توجہ اور طبی سہولتوں کی فراہمی۔
12. مشغلوں پر مبنی طریقۂ تدریس کی سہولت۔
13. خدادادصلاحیتوں کے حامل طلبہ (Gifted Children) اور کمزور طلبا کی شناخت اوران کے لئے خصوصی تربیت کا انتظام۔
14. اساتذہ اور اولیائے طلبہ کی انجمن کے ذریعہ طلبا کی تعلیمی حالت پر مسلسل نگرانی اور ارتقاء کی کوشش۔
15. پیشہ وارانہ کونسلر کے ذریعہ ضرورت مند طلباء کی رہنمائی۔

## 5. سرپرستوں سے التماس

1. اپنے بچوں کو پابندی کے ساتھ مکمل یونیفارم میں وقت پر اسکول بھیجیں یا پہنچانے کا نظم کریں۔
2. بغیر کسی خاص عذر کے بچے کو اسکول سے غیر حاضر نہ رکھیں، غیر حاضری کی صورت میں پیشگی تحریری اطلاع اسکول کو ضرور بھیجیں۔
3. اپنے بچوں کو اسکول میں درکار Stationary بروقت فراہم کریں۔
4. مختلف مواقع پر اسکول سے دی جانے والی ہدایات کو روبہ عمل لانے میں تعاون کریں۔
5. بچوں کی بتدریج تعلیمی ترقی سے واقفیت کے لئے سرپرستوں سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ اسکول کے ذمہ داران سے وقتاً فوقتاً ربط رکھیں۔
6. اپنے بچوں کی تعلیمی وحاضری رپورٹ بغور پڑھیں اور دستخط کریں۔
7. اسکول انتظامیہ کی جانب سے تبادلہ خیال کی دعوت پر مقررہ وقت پر اسکول ضرور تشریف لائیں۔
8. کسی قسم کی شکایت یا کوئی مسئلے کی صورت میں براہِ راست ذمہ دار سے ملاقات کریں اور اپنے بچوں کے سامنے اسکول یا اساتذہ پر بے جا تنقید سے گریز کریں۔
9. گھر کا کام، مطالعہ، کھیل کود اور گھریلو کاموں میں تعاون کے لئے بچوں کو ایک منصوبہ بنانے کی ترغیب دلائیں۔

**یاد رکھئے!!**

آپ کا گراں قدر تعاون آپ کے بچوں کے درخشاں مستقبل کا ضامن ہے۔

## 6. نظم وضبط

1. نظم وضبط سے مراد اسکول کے طلبا کے اندر شائستگی، بہتر ڈسپلن اور اچھے اخلاق واطوار کا پایا جانا ہے۔
2. مانو ماڈل اسکول میں داخلہ لینے والے طلبا کے لئے تمام احکامات وہدایات کی پابندی لازمی ہوگی۔

## 7. ضابطہ کی خلاف ورزی کے افعال

1. تدریسی اوقات کی پابندی نہ کرنا، سپرد کئے گئے کاموں میں کوتاہی، لاپرواہی اور بے توجہی برتنا۔
2. کلاس، دفتر، لائبریری، کھیل کے میدان وغیرہ میں بدنظمی پھیلانا۔
3. امتحان گاہ میں کسی بھی طرح کی ناشائستہ حرکت یا ناروا سلوک کرنا۔
4. کسی بھی طالب علم کی جانب سے مانو ماڈل اسکول کی املاک یا سامان کو نقصان پہچانا، بگاڑنا، توڑنا یا کسی دوسرے کو اس کے لئے اکسانا۔
5. کسی بھی طالب علم یا فرد کے لئے فحش، گستاخانہ، خراب زبان استعمال کرنا۔

مندرجہ بالا ضابطوں کی خلاف ورزی کرنے والے طلبا درج ذیل سزاؤں کے مستحق قرار پائیں گے:

(1) جرمانہ (2) کیمپس میں داخلہ پر پابندی (3) عارضی اخراج (4) مستقل اخراج

**نوٹ:** دفاع کا مناسب موقع دیئے بغیر کسی بھی طالب علم پر مندرجہ بالا سزائیں نافذ نہیں کی جائیں گی تاہم زیر غور معاملے میں پرنسپل کو تمہیدی کاروائی کے طور پر مرتکب طالب علم کو معطل کرنے کا اختیار حاصل رہے گا۔

## 8. حاضری

1. سالانہ امتحان میں شرکت کے لئے مجموعی طور پر 75 فیصد حاضری لازمی ہے۔
2. حاضری کے سلسلے میں تمام طلبا کو ذاتی طور پر اطلاع دی جائے گی۔ اس کے علاوہ یہ ذمہ داری والدین/سرپرستوں کی ہوگی کہ وہ خود بھی متعلقہ کلاس ٹیچر سے حاضری کے متعلق معلومات حاصل کریں۔
3. بغیر اطلاع پندرہ دن تک مسلسل غیر حاضر رہنے والے طلبا کا نام اسکول سے خارج کر دیا جائے گا۔ البتہ پرنسپل کی اجازت سے دو ہفتہ کے اندر دوبارہ داخلہ کے لئے متعینہ فیس -/25 روپئے ادا کر کے دوبارہ داخلہ کروایا جا سکتا ہے۔ مذکورہ وقفہ کے بعد داخلہ نہیں دیا جائے گا۔
4. نوٹس بورڈ پر آویزاں اطلاع نامے کو ہی کافی سمجھا جائے گا۔
5. حاضری میں محض پندرہ فیصد تک ہی چھوٹ دی جا سکتی ہے۔ بیماری کی بناء پر حاضری معاف کرانے کے سلسلے میں دی گئی درخواست کے ساتھ رجسٹرڈ میڈیکل پریکٹشنر کی جانب سے جاری کردہ میڈیکل سرٹیفکٹ کے علاوہ پرچہ تشخیص بھی پیش کرنا ہوگا۔

## 9. داخلہ کے لئے درکار اہلیت

1. جماعت اول میں داخلہ کے لئے بچے کی عمر 31/مارچ 2026 تک چھ سال مکمل ہونا لازمی ہے۔

2. مانو ماڈل اسکول میں مختلف جماعتوں میں داخلے کے لئے کم از کم اور زیادہ درکار عمر کی تفصیلات حسب ذیل ہیں:

| جماعت | 31/مارچ 2026ء تک طالب علم کی عمر | |
|---|---|---|
| | کم از کم | زیادہ سے زیادہ |
| جماعت I | چھ سال | آٹھ سال |
| جماعت II | سات سال | نو سال |
| جماعت III | آٹھ سال | دس سال |
| جماعت IV | نو سال | گیارہ سال |
| جماعت V | دس سال | بارہ سال |
| جماعت VI | دس سال | بارہ سال |
| جماعت VII | گیارہ سال | تیرہ سال |
| جماعت VIII | بارہ سال | چودہ سال |
| جماعت IX | تیرہ سال | پندرہ سال |

**نوٹ:** (i) اوپر بیان کی گئی تفصیلات ماڈل اسکولس میں زیر تعلیم طلبا پر نافذ نہیں ہوں گی۔

(ii) جسمانی معذورین کے لئے کم از کم درکار عمر میں مزید دو سال کی رعایت ہوگی۔ جس کا اختیار صرف پرنسپل کو حاصل ہوگا۔

(iii) ایسے بچے جنھوں نے رواں تعلیمی سال میں دسویں جماعت کا امتحان پاس کیا ہو ان کے لئے گیارہویں جماعت میں داخلے میں عمر کی کوئی قید نہیں ہوگی۔

## 10. داخلے کا طریقہ کار

1. پہلی جماعت میں (قانونِ حق تعلیم RTE-2009) سیکشن XII(C) (I) کے مطابق ذیل میں درج طریقہ کار کا نفاذ ہوگا۔جس میں جماعت کے جملہ طلبا کی تعداد 41 ہوگی اور RTE کی دفعہ (C) (I) 12 کے مطابق SC, ST کے تحفظات کی گنجائش ہوگی تا کہ تحفظات کے دستوری منشور کو پورا کیا جا سکے۔
2. جماعت اول میں 3 نشستیں تحفظات کے موجودہ اصول کے مطابق پُر کی جائیں گی جب کہ ایک نشست جسمانی معذور کو خواہ وہ کسی زمرے سے تعلق رکھتا ہو، دی جائے گی۔
3. وہ بچے جنھوں نے داخلے کے پہلے مرحلے میں داخلہ حاصل کیا ہو وہ دوسرے مرحلے میں شامل نہیں کئے جائیں گے۔ جب کہ داخلہ حاصل کرنے میں ناکام رہنے والے طلبا اگر RTE کے دائرے میں آتے ہیں تو دوسرے مرحلے میں انھیں شامل کیا جائے گا۔
4. دوسرے مرحلے میں باقی دس نشستوں کو RTE کے مطابق پُر کیا جائے گا۔

## 11. داخلہ کے لئے جانچ

1. (a) دوسری جماعت سے آٹھویں جماعت تک داخلہ کے لئے کوئی داخلہ امتحان منعقد نہیں کیا جائے گا۔داخلہ Reservation Column میں متذکرہ زمرے کے تحت ہوگا۔

(b) اگر امیدواروں کی تعداد نشستوں کی تعداد سے زیادہ ہو تب ہر زمرے میں داخلہ بذریعہ لاٹری کیا جائے گا جس میں اکلوتی لڑکی کوٹہ (Single Girl Child Quota) شامل ہے۔

(c) جماعت نہم میں داخلہ کے لئے Admission Test کا انعقاد عمل میں لایا جائے گا اور زمرے کے حساب سے میرٹ لسٹ (Merit List) تیار کی جائے گی اور اصول وضوابط کے مطابق زمرے کو ترجیح دیتے ہوئے داخلہ دیا جائے گا۔

2. ایسے امیدوار جنھوں نے متعلقہ مضامین میں 33% نمبرات حاصل کئے ہوں، داخلے کے مستحق نہیں ہوں گے، چاہے وہ کسی بھی زمرے سے تعلق رکھتے ہوں۔
3. داخلے کے لئے سوالیہ پرچہ مندرجہ ذیل مضامین پر مشتمل ہوگا۔

(a) اردو (b) انگریزی (c) ہندی (d) تلگو (e) ریاضی (f) سماجی مطالعہ (g) سائنس

4. انگریزی اور اردو زبان میں طلبا کی بڑی تعداد کو دشواری کا سامنا ہونے پر داخلہ امتحان میں پانچ نمبرات کی رعایت دی جائے گی۔اور بچے کے والدین سے تحریری طور پر ایک اقرارنامہ (Undertaking) لیا جائے گا کہ وہ بچے کی زبان میں دشواری کو جاریہ تعلیمی سال میں دور کریں گے۔
5. نویں اور گیارہویں جماعت میں داخلہ کے لئے متعلقہ جماعت میں دستیاب خالی نشستوں کی بنیاد پر ہی ہوگا۔

## 12. گیارہویں جماعت میں داخلہ

1. نئے داخلوں کے لئے اہل قرار دیئے گئے امیدواروں میں پہلے مانو ماڈل اسکول کے طلبا متعلقہ Stream میں داخلے کے بعد دیگر اسکول کے بچوں کو داخلہ دیا جائے گا۔
2. باقی خالی نشستوں پر Merit اور دسویں جماعت میں حاصل کردہ نتائج Priority of category sequence کی بنیاد پر نئے داخلے دیئے جائیں گے۔
3. مختلف Stream میں داخلوں کے لئے ماڈل اسکول اور دیگر اسکولوں کے طلبہ کو کم از کم اہلیت کو پورا کرنے پر ہی داخلہ دیا جائے گا۔
4. سائنس اور Humanities میں داخلہ کے لئے Cut off اور CGPA کا نفاذ CBSE کے ضوابط کے مطابق ہوگا۔

## تلگو زبان کی تعلیم

طلباء کو کثیر لسانی صلاحیتوں سے آراستہ کرنے کے مقصد کے تحت اور ریاست تلنگانہ کے مختلف سرکاری جائیدادوں میں مناسب نمائندگی و شراکت داری کو یقینی بنانے کے لیے مانو ماڈل اسکول حیدرآباد میں جماعت اول تا نہم تک تلگو زبان کی با قاعدہ تعلیم کا نظم ہے۔ جماعت نہم تا بارہویں تلگو زبان کی تعلیم اختیاری ہوگی۔

## 13. تحفظات / ریزرویشن

1. تمام نئے داخلوں میں 15% فیصد نشستیں درج فہرست ذات (SC) اور 5% فیصد نشستیں درج فہرست قبائل (ST) کے لئے محفوظ ہوں گی۔
2. 3% فیصد نشستیں جسمانی معذورین، بینائی سے محروم، سماعت سے محروم اور Orthopadically معذورین کے لیے محفوظ ہوں گی۔
3. جسمانی طور پر معذور امیدواروں کے لیے حدِ عمر میں دو سال کی رعایت کی جائے گی۔

## 14. مخصوص رعایتیں

تعلیمی سال 2026-27 کے لئے درجہ ذیل خصوصی رعایتیں نافذ ہوں گی۔

کلاس میں طے شدہ بچوں کی تعداد (Class strength) کے مطابق درج ذیل زمروں سے تعلق رکھنے والے بچوں کو داخلہ دیا جائے گا۔

1. عزت مآب اراکین پارلیمنٹ (MP) کے بچے اور ماتحتین (Dependents)۔
2. MANUU ملازمین اور سبک دوش ملازمین کے بچے (لڑکا/لڑکی/نواسہ/نواسی/پوتا/پوتی)
3. دورانِ ملازمت انتقال کرنے والے مرکزی ملازمین کے بچے۔
4. پرم ویر چکر/مہاویر چکر/اشوک چکر/سیوا میڈل/نوسینا میڈل/وایو سینا میڈل یافتہ اشخاص کے بچے۔
5. صدارتی پولیس میڈل برائے بہادری حاصل کئے ہوئے اشخاص کے بچے۔
6. بہترین کھلاڑی جنھوں نے قومی/ریاستی/CBSE/SFGI/حکومت کی جانب سے منعقد شدہ کھیل کے مقابلوں میں پہلا، دوسرا یا تیسرا مقام حاصل کیا ہو۔
7. این۔سی۔سی (جونیئر ونگ)، اسکاؤٹس اینڈ گائیڈس میں صدارتی انعام یافتگان۔
8. اکلوتی بیٹی کے زمرے کے تحت جماعت اول اور چھٹی میں ہر سیکشن میں زیادہ سے زیادہ بچوں کو داخلہ دیا جائے گا جس میں جڑواں لڑکیاں شامل ہیں۔
9. وہ بچے جنھوں نے قومی ایوارڈ برائے بہادری حاصل کیا ہو۔
10. ایسے بچے جن کے والدین ٹیچر ہوں اور جنھوں نے قومی ایوارڈ برائے اساتذہ حاصل کیا ہو۔
11. وہ بچے جنھوں نے فائن آرٹس میں اپنے جوہر دکھائے ہوں اور قومی و ریاستی سطح پر اپنی شناخت بنائی ہو۔
12. MANUU ہیڈ کوارٹر کے احکامات پر (RAW)(Research and Analysis Wing) کے ملازمین کے 15 بچوں کو داخلہ دیا جائے گا۔
13. MANUU ہیڈ کوارٹر کے احکامات پر وزارت تعلیم (Ministry of Education) کے ملازمین کے سو بچوں کو ہر سال داخلہ دیا جا سکتا ہے۔
14. تمام اسکولوں میں جماعت اول میں پانچ اور دیگر جماعتوں میں دس نشستیں Sponsoring Agencies کے بچوں کے لئے محفوظ ہوں گی۔
15. ضلع کمشنر یا ضلع مجسٹریٹ متعلقہ ماڈل اسکول میں اپنے اختیاری زمرے (Discretionary Quota) کے تحت جماعت اول یا دیگر جماعتیں سوائے دسویں اور بارہویں کے زیادہ سے زیادہ بچوں کے داخلے کی سفارش کر سکتے ہیں۔
16. ایک عزت مآب رکن پارلیمنٹ اپنے خصوصی اختیار کے تحت ایک تعلیمی سال میں اپنی لوک سبھا حلقے کے کسی دو اہل بچوں کی ماڈل اسکول میں داخلہ کی سفارش کر سکتے ہیں۔ راجیہ سبھا کے اراکین یا پارلیمنٹ جس ریاست سے وہ منتخب ہوئے ہوں، اس ریاست کے متوطن افراد کے بچوں کے سوائے پری پرائمری اور دسویں، گیارہویں جماعت کے داخلوں کی سفارش کر سکتے ہیں۔

# 15. ماڈل اسکول میں داخلہ کی تاریخیں

تعلیمی سال 2026-27 کے لئے ماڈل اسکول میں داخلہ کی تاریخیں مندرجہ ذیل ہیں۔

Tentative Common Admission Schedule for the Academic Year 2026-2027

| CONTENTS | SCHEDULED DATES |
|---|---|
| Advertisement for admission daily news papers for class - 1st | 3rd week of February, 2026 |
| Registration for class - 1st | 1st week of March,2026 |
| Last date of registration for class - 1st | 3rd week of March, 2026 |
| **DRAW OF LOTS for:** 1. SC/ST/BPL/OBC (Non creamy general category under RTE Act 2009) and candidates category-I, II & III | 25th March, 2026 |
| Display of list of selected candidates for admission in class I under all categories | 28th March, 2026 |
| Admission for Class - 1 | 30th March, 2026 onwards |
| Extended date of registration be made under RTE provision (Class-1) against existing vacancy | 9th April, 2026 (if sufficient application are not received) |
| Registration for other Clases (II to IX) under lateral entry | 2nd to 7th, April 2026 (Subject to availability of seats in perticular class) |
| Display of list of selected candidates for admission under all categories of class II onwards | 22nd April, 2026 |
| Admission to class II onwards | 23rd April, 2026 onwards |
| Registration for class XI | After the declaration of board result of class X by CBSE and State Board |
| Last date for admission in all classes | 31st July, 2026 |

## 16. داخلہ کے متعلق عام ہدایات

1. داخلہ فارم متعلقہ اسکول کے دفتر میں دستیاب ہوگا۔ داخلہ فارم معہ پراسپکٹس یونیورسٹی کی ویب سائیٹ www.manuu.edu.in سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔
2. داخلہ فارم تمام درکار تفصیلات اور دستاویزات کے ساتھ طے شدہ تاریخ تک اسکول کے دفتر میں جمع ہو جانے چاہئیں۔
3. درج ذیل دستاویزات کی تصدیق شدہ (Attested) کاپیاں داخلہ فارم کے ساتھ جمع کرنا ضروری ہوگا۔

(a) درجہ اول کے لئے: عمر کی تصدیق کے لئے (Birth Certificate) متعلقہ کونسل/میونسپلٹی/میونسپل کارپوریشن/ ویلج پنچایت کے ذریعہ جاری کیا ہوا ہی منظور کیا جائے گا۔ اسکول سے جاری کردہ ٹرانسفر سرٹیفکٹ۔ اصلی Date of Birth Certificate کی جانچ کے بعد والدین کو واپس کردیئے جائیں گے۔

(b) عزت مآب رکن پارلیمنٹ اور PSU ملازمین کے نواسہ/نواسی/ پوتا / پوتی کے داخلہ کے لئے انہیں Proof of relationship اور ایک اقرار نامہ (Declaration of dependency) پیش کرنا ہوگا۔

(c) ماڈل اسکول کے ملازمین کے Grand children کے داخلوں کے لئے انھیں Proof of relationship کی سند جمع کرنا ہوگی۔

(d) درج فہرست ذاتوں (SC) درج فہرست قبائل (ST) معاشی طور پر پسماندہ طبقات ، Non-creamy layer، BPL اور معذورین زمرے سے تعلق رکھنے والے بچوں کی متعلقہ ریاستی یا مرکزی حکومت کی جانب سے جاری کی گئی سرٹیفکٹ داخلہ کے لئے پیش کرنا ضروری ہوگا۔

(e) حکومت ہند کے جاری کردہ O.M. No.36035/5/88 بتاریخ 04-05-1999 معذورین کے متعلق بیان کے مطابق سیول سرجن سے جاری کیا ہوا سرٹیفکٹ پیش کرنا ہوگا۔

**نوٹ:**

i. داخلے کے لئے رجسٹریشن کرانے کا مطلب داخلہ حاصل کرنے کا حق ہرگز نہیں ہوگا۔
ii. نامکمل درخواست پر کوئی غور نہیں کیا جائے گا۔
iii. غلط اسناد کی بنیاد پر حاصل کئے گئے داخلے منسوخ کردیئے جائیں گے۔
iv. رجسٹریشن کے وقت والدین کی رہائشی سند پیش کرنا ضروری ہوگا۔
v. داخلوں کی فہرست کی اجرائی کی تاریخ اور داخلے کی تاریخ میں مناسب وقفہ ہوگا۔

### فیس

رجسٹریشن فیس: 20 روپے۔ داخلہ فیس: 100 روپے۔

## 17. داخلے کی آخری تاریخ

متعلقہ سبھی کلاسوں میں داخلے کی آخری تاریخ 31 جولائی 2026 ہوگی۔

## 18. مانو ملازمین کے بچوں کا داخلہ

مانو ملازمین وسبکدوش ملازمین (ماڈل اسکول/ ریجنل سینٹر وغیرہ) کے بچوں کا داخلہ کسی بھی وقت دوران سال بلا لحاظ جماعت میں بچوں کی تعداد/ تبادلہ/ تقرر کیا جاسکتا ہے۔ جب کہ گیارہویں جماعت میں داخلہ دسویں بورڈ میں حاصل کردہ نشانات کی بنیاد پر لازمی ہوگا۔

## 19. داخلے کے لئے دستیاب جماعتیں

ماڈل اسکول میں پرائمری، ثانوی اور اعلیٰ ثانوی جماعتوں میں داخلوں کی گنجائش ہے۔ داخلوں کا آغاز جماعت اول سے ہوتا ہے۔ خالی نشستوں، اساتذہ اور انفراسٹرکچر کی فراہمی کی صورت میں اسکول میں مختلف Sections کی گنجائش ہوگی۔

## 20. مساوی/مماثل امتحان

اسٹیٹ بورڈ/ TOSS / NIOS / ICSE کے طلبا جنھیں نمبرات دیئے گے ہوں اگر نشستیں خالی ہوں تو XI جماعت میں داخلہ دیا جاسکتا ہے اور مختلف مضامین میں دیئے گئے نشانات کو CBSE کی جانب سے طے شدہ گریڈوں میں تبدیل کیا جائے گا۔

## 21. تعلیمی سال

ہر سال یکم اپریل سے اسکول کے تعلیمی سال کا آغاز ہوتا ہے۔ اسکول کیلنڈر، Continuous and Comprehensive Evaluation کے مطابق ہر تعلیمی سال میں دو Periodic Tests، Subject Enrichment Activities، ششماہی اور سالانہ امتحانات طلبا کی تعلیمی اور ہم نصابی سرگرمیوں کی جانچ CBSE کی رہنمایانہ اصول کے مطابق منعقد کئے جاتے ہیں۔ تعلیمی سال کا اختتام ہر سال 31 مارچ کو ہوتا ہے اور طلبا کو تعلیمی کارکردگی کی بنیاد پر اگلی جماعتوں میں نئے تعلیمی سال میں درجہ بڑھایا جاتا ہے۔

## 22. اوقات اسکول

8:30 am to 2:40 pm

# 23. تعطیلات

## Vacations

### (I) مانو ماڈل اسکول حیدرآباد

| S.No. | Vacation | From | To | Total Days |
|---|---|---|---|---|
| 1 | Summer Vacation | 04.05.2026 | 17.06.2026 | 45 Days |
| 2 | Autumn Break | 15.10.2026 | 24.10.2026 | 10 Days |
| 3 | Winter Break | 30.12.2026 | 13.01.2027 | 15 Days |

### (II) کامران مانو ماڈل اسکول دربھنگہ، بہار

| S.No. | Vacation | From | To | Total Days |
|---|---|---|---|---|
| 1 | Summer Vacation | 18-05-2026 | 26-06-2026 | 40 Days |
| 2 | Autumn Break | 12.10.2026 | 21.10.2026 | 10 Days |
| 3 | Winter Break | 28.12.2026 | 16-01-2027 | 20 Days |

### (III) مانو ماڈل اسکول نوح (میوات)

| S.No. | Vacation | From | To | Total Days |
|---|---|---|---|---|
| 1 | Summer Vacation | 11-05-2026 | 19-06-2026 | 40 Days |
| 2 | Autumn Break | 12.10.2026 | 21.10.2026 | 10 Days |
| 3 | Winter Break | 28.12.2026 | 16-01-2027 | 20 Days |

# 24. ماڈل اسکول کا پتہ اور رابطہ کی تفصیل

# Model Schools Address and Contact Details

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1. | **MANUU Model School, Hyderabad**<br>Fatima Nagar, Vattepally<br>Falaknuma, Hyderabad - 500053 | **Dr. Kafil Ahmad**<br>**Principal I/c**<br>Cell No.: +919490463263<br>Email:<br>modelschoolhyderabad@manuu.edu.in<br>drkafilmanuuhyd@gmail.com | Level : I Std to XII Std<br>Affiliated to Central Board of Secondary Education, New Delhi<br>**CBSE Affiliation No.: 120001** |
| 2. | **Kamran MANUU Model School, Darbhanga**<br>Ilyas Ashraf Nagar<br>Chandanpatti<br>H.P.O: Laheriasarai<br>Dist.Darbhanga - 846001 Bihar<br>Telefax No.: 06272-277602 | **Prof. Shafayat Ahmad**<br>**Principal I/c**<br>Cell : 7091490018<br>Email:<br>modelschooldarbhanga@gmail.com<br>modelschooldarbhanga@manuu.edu,in<br>principals.modsch@manuu.edu.in | Level : I Std to XII Std<br>Affiliated to Central Board of Secondary Education, New Delhi<br>**CBSE Affiliation No.: 320001** |
| 3. | **MANUU Model School, NUH**<br>Ward No.1, Hamid colony<br>Tauru Road, NUH<br>Mewat Dist - 122107<br>Telefax: 01267-274886 | **Mr. Rizwan Ali**<br>**Principal I/c**<br>Cell: 7011702326 / 9891741522<br>Email:<br>manuumodelschoolnuh@manuu.edu.in | Level : I Std to XII Std<br>Affiliated to Central Board of Secondary Education, New Delhi<br>**CBSE Affiliation No.: 520003** |

Reg. No.:

मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

# MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY

(ACentral University established by an Act of Parliament in 1998)

(Accredited with 'A+' Grade by NAAC)

مانو ماڈل اسکول سینئر سکنڈری، حیدرآباد، دربھنگہ اور نوح

MANUU Model Senior Secondary School, Hyderabad, Darbhanga & Nuh

*Affiliated to Central Board of Secondary Education (CBSE)*

فوٹو چسپاں کریں

## رجسٹریشن فارم / Registration Form - 2026-2027

Registration for Class / رجسٹریشن برائے درجہ :____________________

1. Name of the child in full (Capital Letters) طالب علم کا نام :________________________________________
2. Date of Birth / تاریخ پیدائش :______________ in words لفظوں میں :________________________________
3. Age on 31 March 20 عمر: Years سال Months مہینہ Days دن Sex جنس M/لڑکا ☐ F/لڑکی ☐
4. Blood Group of the child طالب علم کے خون کا گروپ :__________ 4A. Aadhar No. آدھار نمبر :________________________
5. General/SC/ST/OBC/EWS/Disabled/S.G.Child:____________(attach relevant certificate) **PEN No.:**______________

   کیا آپ عام طبقہ/درج فہرست ذات/درج فہرست قبائل/دیگر پسماندہ طبقہ/معاشی پسماندہ طبقہ/معذور/اکلوتی لڑکی/سے تعلق رکھتے ہیں؟ صداقت نامہ منسلک کریں
6. Details of Mother / Father ماں/باپ کی تفصیلات

| | | Mother ماں | Father باپ |
|---|---|---|---|
| (i) | Name (in Capital Letters) نام | :__________ | __________ |
| (ii) | Nationality قومیت | :__________ | __________ |
| (iii) | Occupation پیشہ | :__________ | __________ |
| (iv) | Name of office دفتر کا نام | :__________ | __________ |
| | with Telephone No. | :__________ | __________ |
| | مکمل پتہ مع ٹیلی فون نمبر | :__________ | __________ |
| (v) | Residential Address (with proof) | :__________ | __________ |
| | with Telephone No. & e-mail | :__________ | __________ |
| | گھر کا مکمل پتہ مع فون نمبر (مع تصدیق نامہ) | :__________ | __________ |

7. Permanent Address :__________ __________

   مستقل رہائش کا پتہ :__________ __________
8. Has the child studies Urdu as subject in previous class?

   کیا طالب علم نے گذشتہ جماعت میں اردو ایک مضمون کی حیثیت سے پڑھی ہے؟ ☐ Yes/ہاں ☐ No/نہیں
9. If the child has not studies Urdu in previous class, does He/She know Urdu reading/Writing?

   اگر طالب علم نے گذشتہ جماعت میں اردو ایک مضمون کی حیثیت سے نہیں پڑھی ہے تو کیا وہ اردو پڑھنا/لکھنا جانتا/جانتی ہے؟ Yes/ہاں ☐ No/نہیں ☐

Certify تصدیق

I certify that the above entries are true to the best of my knowledge میں تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ درج بالا اندراجات میری معلومات کے مطابق درست ہیں

Signature دستخط والدہ/والد

Date تاریخ :____________ Full name مکمل نام :______________________________

---

Acknowledgement رسیدی کارڈ

Sl.No. نمبر شمار :__________ Registration No. رجسٹریشن نمبر :____________

محترم/محترمہ..................................سے ان کے بچے/بچی.............................کا درجہ.............................میں داخلہ کے لئے رجسٹریشن فارم موصول ہوا۔

Received an Application Form from Sri/Smt.______________________________for registration of his/her son/dauthter

10. Category in which the parent belong to defence/central/state Govt.Autonomous body and others:

زمرہ دفاعی/مرکزی ملازم/خود مختار ادارہ اور دیگر جس سے والدین تعلق رکھتے ہوں

11. Details of the last studies آخری مطالعات کی تفصیلات :

| **Standard/Class** کلاس/جماعت | **Year of Passing** کامیابی کا سال | **Name of the School** اسکول کا نام | **CGPA** سی جی پی اے | **% of marks obtained** حاصل کردہ نشانات کا فیصد |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

12. **Stream اسٹریم: 1. Humanities (Artsآرٹس)**

Group گروپ - A: History تاریخ, Geography جغرافیہ, Pol. Science سیاسیات

Group گروپ - B: History تاریخ, Geography جغرافیہ, Economics معاشیات

**2. Science سائنس:**

Group گروپ - A: Physics طبعیات, Chemistry کیمیا , Mathematics ریاضی

Group گروپ - B: Physics طبعیات, Chemistry کیمیا , Biology حیاتیات/Bio-Technology بایوٹیکنالوجی

13. Optional Subject اختیاری مضمون: Information Practicesانفارمیشن پراکٹیسس/Bio-Technology بایوٹیکنالوجی

14. Second Language دوسری زبان: English انگریزی/Hindi ہندی

15.First Language Urdu is compulsory for the both Streams پہلی زبان اردو دونوں اسٹریم کے لئے لازمی ہیں